# دہشت گردی سے متعلقہ جرائم کے سبب زیر حراست رکھے گئے افراد کے لئے حقوق کا خط

جب آپ پولیس سٹیشن میں زیر حراست ہوں یہ کتابچہ آپ کو انسانی حقوق پر سکاٹ لینڈ اور یورپی کنونشن میں قانون کے تحت آپ کو اپنے حقوق کے بارے میں اہم معلومات فراہم کرتا ہے۔ یہ دستاویز آپ کو حراست کے دوران اپنے اہم حقوق کے بارے میں بتاتی ہے۔ یہ قانونی مشورہ نہیں ہے اور یہ آپ کے تمام حقوق کے بارے میں نہیں بتاتا۔ آپ کو اپنا آزادانہ قانونی مشورہ طلب کرنا چاہئیے۔

براہ مہربانی اس معلومات کو جلد از جلد پڑھ لیں۔ اگر آپ پولیس اسٹیشن پر ہوں گے تو یہ فیصلے کرنے میں آپ کی مدد کرے گا۔ اگر آپ کو اس کتابچہ سے کچھ سمجھ نہیں آتا ہے، تو پولیس کو کسی بھی چیز کی وضاحت کرنے کا کہیں۔ کیا آپ ایک باآسانی پڑھی جا سکنے والی نقل یا ترجمہ چاہتے ہیں۔

**اپنے حقوق یاد رکھیں:**

1. آپ جاننے کا حق رکھتے ہیں کہ پولیس آپ کو کیوں اپنی تحویل میں لے رہی ہے۔
2. آپ جاننے کا حق رکھتے ہیں کہ پولیس کا کیا خیال ہے کہ آپ نے کیا کیا ہے۔
3. آپ حق رکھتے ہیں کہ پولیس اسٹیشن میں ہوتے ہوئے ایک وکیل کو بتا سکیں کہ آپ پولیس اسٹیشن میں ہیں۔ یہ مفت ہے۔
4. آپ کو یہ حق حاصل ہے کہ آپ کسی اور کو یہ بتا سکیں کہ آپ پولیس اسٹیشن میں ہیں۔ مثال کے طور پر، یہ ایک خاندانی رکن، کیئرر یا ایک دوست ہو سکتا ہے۔
5. آپ خاموش رہنے کا حق رکھتے ہیں۔ آپ کو کسی بھی سوالات کا جواب دینے کی ضرورت نہیں ہے جو پولیس آپ سے پوچھتی ہے۔ لیکن آپ کو اپنا نام، پتہ، تاریخ پیدائش دینی ہوگی، آپ کہاں پیدا ہوئے اور آپ کی قومیت۔
6. اس سے پہلے کہ پولیس آپ سے پوچھ گچھ کرے آپ کسی تاخیر کے بغیر ذاتی طور پر ایک وکیل سے بات کرنے کا حق رکھتے ہیں۔ جب پولیس آپ سے پوچھ گچھ کر رہی ہو تو آپ کسی بھی وقت ایک وکیل سے بھی بات کر سکتے ہیں۔
7. اگر آپ 16 سے کم، یا 18 سال سے کم عمر ہیں اور لازمی نگرانی کے حکم سے مشروط ہیں، تو آپ حق رکھتے ہیں کہ آپ کے والدین یا سرپرست پولیس اسٹیشن پر آپ سے ملاقات کر سکتے ہیں۔
8. آپ فوری طبی امداد کا حق رکھتے ہیں۔

© کراؤن کاپی رائٹ 2018
ISBN: 978-1-78851-801-7

Scottish Government
Riaghaltas na h-Alba
gov.scot

APS گروپ اسکاٹ لینڈ
PPDAS297786 (04/18)

# آپ کے حقوق

براہ مہربانی نوٹ فرمائیں: استثنائی حالات میں، پولیس ان حقوق میں سے بعض تک رسائی میں تاخیر یا روک لینے کا حق رکھتی ہے۔ مثال کے طور پر، اگر پولیس کو لگتا ہے کہ کسی دوسرے شخص کو نقصان پہنچانے سے روکنے کے لئے آپ سے بات کرنے کی ضرورت ہے۔ **اس میں آپ کا خاموشی اختیار کرنے کا حق شامل نہیں ہے۔**

## 1. پولیس کی حراست میں لیے گئے افراد کے لئے معلومات

- **خاموش رہنے کا حق**

پولیس کا جو خیال ہے کہ آپ نے کیا ہے کے متعلق پولیس کے کسی بھی سوالات کے جواب دینا آپ کے لئے لازمی نہیں ہے۔

جو بھی کہیں گے اسے لکھ لیا جائے گا یا ریکارڈ کیا جائے گا اور مقدمہ عدالت میں لے جایا جاتا ہے تو پیشی میں بطور ثبوت استعمال کیا جا سکتا ہے۔

جب پولیس آپ سے آپ کا نام اور پتہ، تاریخ پیدائش، جائے پیدائش اور قومیت کے بارے میں پوچھے تو آپ کو یہ تفصیلات فراہم کرنا ہوں گی۔

- **ایک وکیل کو بتانا کہ آپ پولیس اسٹیشن میں ہیں**

آپ پولیس کو کہہ سکتے ہیں کہ ایک وکیل کو بتایا جائے کہ آپ پولیس اسٹیشن میں ہیں۔ یہ آپ کا خود کا وکیل ہو سکتا ہے یا، اگر آپ کسی وکیل کو نہیں جانتے ہیں، تو وکیل طلب کریں۔ پولیس جلد از جلد رابطہ کے لئے ایک وکیل کا انتظام کرے گی۔ یہ مفت ہے۔

- **کسی اور کو بتانا کہ آپ ایک پولیس اسٹیشن میں ہیں**

آپ پولیس کو کہہ سکتے ہیں کہ وہ کسی اور سے رابطہ کر کے بتائیں کہ آپ پولیس اسٹیشن میں ہیں۔ وہ آپ کے خاندان میں کوئی بھی ہو سکتا ہے، آپ کا ساتھی، آپ کا دیکھ بھال کار، آپ کا دوست یا کوئی دوسرا شخص جسے آپ جانتے ہوں۔ وہ آپ کے لئے جتنی جلد وہ کر سکے کسی سے رابطہ کریں گے۔

### اگر آپ 16 سے کم عمر ہیں (یا 18 سے کم اور لازمی نگرانی کے حکم سے مشروط ہیں):

- پولیس کو آپ کے والدین یا سرپرست کو مطلع کرنے کی لازمی کوشش کرنی چاہئیے کہ آپ پولیس اسٹیشن میں ہیں۔
- آپ کے والدین یا سرپرست پولیس اسٹیشن میں آ سکتے اور آپ کی مدد کر سکتے ہیں۔

- **آپ کی مدد کے لئے ایک مترجم حاصل کرنا**

اگر آپ انگریزی بولتے یا سمجھتے نہیں ہیں، تو آپ کی مدد کے لئے پولیس کسی ایسے شخص کا بندوبست کرے گی جو آپ کی زبان (ایک مترجم) بولتا ہو۔ یہ مفت ہے۔ یہ اہم ہے کہ آپ یہ سمجھتے ہیں کہ پولیس اسٹیشن پر کیا کہا جا رہا ہے۔

اگر آپ سماعت سے محروم ہیں یا واضح طور پر بات چیت کرنے میں مشکلات کا سامنا ہے، تو پولیس آپ کی مدد کے لئے کسی کا بندوبست کرے گی۔ یہ ایک BSL مترجم یا کوئی اور موزوں پیشہ ورانہ فرد ہو سکتا ہے۔ یہ مفت ہے۔

- **اگر آپ برطانوی نہیں ہیں**

اگر آپ برطانوی نہیں ہیں، تو آپ پولیس کو آپ کے ہائی کمیشن، سفارت خانے یا قونصل خانے سے رابطہ کرنے کا کہہ سکتے ہیں، تاکہ انہیں بتائیں کہ آپ کہاں ہیں اور آپ پولیس اسٹیشن میں کیوں ہیں۔ وہ آپ سے ذاتی ملاقات بھی کر سکتے ہیں اور آپ سے ملاقات کے لئے ایک وکیل کا انتظام کر سکتے ہیں۔

- **اگر آپ کو مورد الزام ٹھہرایا یا ایک وارنٹ پر تحویل میں لیا جاتا ہے تو کیا ہو گا؟**

اگر آپ پر کسی جرم کا الزام عائد کیا جاتا ہے، تو آپ کو تحویل سے آزاد کیا جا سکتا ہے یا آپ کو پولیس اسٹیشن میں رکھا جا سکتا ہے اور اگلے کام کے دن عدالت میں لے جایا جائے گا۔ یا اگر آپ کسی مقررہ تاریخ پر عدالت جانے پر اتفاق کرتے ہیں تو آپ کو آزاد کیا جا سکتا ہے۔

- **دستاویزات تک رسائی**

اگر مقدمہ عدالت میں چلا جاتا ہے تو اس مقدمہ میں ثبوت کا ایک نوٹ آپ کو یا آپ کے وکیل کو دیا جائے گا۔ یہ آپ کو یا آپ کے وکیل کو آپ کا دفاع تیار کرنے کی اجازت دے گا۔

اگر آپ انگریزی نہیں سمجھتے ہیں تو آپ متعلقہ معلومات کا ترجمہ کا حق رکھتے ہیں۔

- **اگر آپ بیمار یا زخمی ہیں**

پولیس آپ کی صحت اور خیروعافیت کے بارے میں آپ سے سوال کرے گی۔ پولیس ایک طبی معالج کو آپ کا معائنہ کرنے کا کہہ سکتی ہے۔ اس سے یہ یقینی بنانے میں مدد ملتی ہے کہ حراست کے دوران آپ کی دیکھ بھال کی جاتی ہے۔ اگر آپ محسوس کرتے ہیں کہ آپ کو طبی معالج سے ملاقات کرنے کی ضرورت ہے تو پھر پولیس کو بتائیں۔ اگر آپ بیمار پڑ جاتے ہیں، تو آپ کو طبی امداد فراہم کی جائے گی۔

- **کھانا اور پینا**

طلب کرنے پر آپ کو پانی دیا جائے گا۔ اگر آپ تحویل میں ہیں تو آپ کو ہر چار گھنٹے سے زیادہ کی مدت میں کھانا دیا جائے گا۔ اگر آپ کے کوئی غذائی یا مذہبی تقاضے ہیں تو پولیس کو جلد از جلد بتائیں۔

**اگر آپ کو اضافی مدد کی ضرورت ہے (تو برائے مہربانی نوٹ فرمائیں، یہ صرف سروس کے متعلق معلومات ہے اور ایک حق نہیں ہے):**

جب آپ پولیس اسٹیشن میں ہیں تو آپ یہ سمجھنے میں کہ کیا ہو رہا ہے مدد کی ضرورت ہو سکتی ہے۔ یہ مدد ایک موزوں بڑی عمر کے فرد کہلانے والے شخص کی طرف سے فراہم کی جا سکتی ہے۔ اگر آپ کسی دماغی عارضہ یا فہم و فراست کی معذوری کے حامل ہیں تو یہ آپ پر لاگو ہو سکتا ہے۔ **اگر آپ کا خیال ہے کہ آپ کو اس معاونت کی ضرورت ہے تو پولیس سے بات کریں۔**

اگر پولیس کا خیال ہے کہ آپ کو ایک موزوں بڑی عمر کے فرد کی مدد کی ضرورت ہے، تو وہ کسی کو شرکت کرنے کا کہیں گے، چاہے آپ خود اسے طلب مت کریں۔

## 2. ان لوگوں کے لئے معلومات جن سے پولیس پوچھ گچھ کرے گی۔

- **آپ کی مدد کے لئے وکیل حاصل کرنا**
  - اگر آپ ایک وکیل سے بات کرنا چاہتے ہیں تو پولیس کو آگاہ کریں۔ پولیس جلد از جلد آپ کے لئے ایک وکیل سے رابطہ کرے گی۔
  - وکیل آپ کو بتائے گا کہ آپ کو مفت مشورہ دیا جا سکتا ہے یا آپ کو مشورہ کے لئے ادائیگی کرنی ہوگی۔ اگر آپ کو ادا کرنی ہو گی، تو وہ وضاحت کریں گے کہ اس پر کتنا خرچ ہو گا اور آپ اس کی ادائیگی کیسے کر سکتے ہیں۔ پولیس آپ کے وکیل کے لئے ادائیگی نہیں کرے گی یا نہ بات کرے گی کہ آپ کے وکیل کو کیسے ادائیگی کی جائے۔
  - اگر آپ نے ایک وکیل کو اپنے ساتھ کمرے میں بات کرنے کا کہا ہے تو عام طور پر پولیس کو ایک وکیل کے بغیر آپ سے پوچھ گچھ کرنے کی اجازت نہیں دی جاتی ہے۔
  - بعض اوقات وکیل سے بات کرنے سے پہلے، پولیس کو آپ سے فوری طور پر پوچھ گچھ کرنے کی ضرورت ہوتی ہے۔
  - وکیل سے گفتگو کرنے سے یہ ظاہر نہیں ہوتا کہ آپ نے کچھ غلط کیا ہے۔
  - آپ کسی بھی وقت ایک وکیل سے بات کرنے کے بارے میں اپنا ذہن بدل سکتے ہیں۔ پولیس کو جلد از جلد بتائیں اور وہ آپ کے لئے ایک وکیل سے رابطہ کرے گی۔
  - وکیل کا کردار آپ کے حقوق کی حفاظت اور قانون کے بارے میں آپ کو مشورہ دینا ہے۔
  - آپ کسی جاننے والے وکیل یا پھر طلب کرنے پر وکیل سے بات کرنے کا انتخاب کر سکتے ہیں۔ یہ وکیل آزادانہ ہے اور پولیس کے لئے کام نہیں کرتا ہے۔
  - اگر ایک سینئر پولیس افسر اجازت دیتا ہے، تو آپ کے وکیل سے مشورے کے دوران ایک وردی پہنے تفتیشی موجود ہو سکتا ہے۔
  - آپ کو ایک وکیل کے ساتھ ایک نجی بات چیت کرنے کی اجازت دی جاتی ہے۔
  - جب پولیس آپ سے پوچھ گچھ کرتی ہے تو آپ وکیل کو اپنے ساتھ کمرے میں موجود ہونے کا کہہ سکتے ہیں۔
  - اگر ان کے بلانے پر بھی وکیل پولیس اسٹیشن نہیں پہنچتا ہے، یا آپ کو ایک وکیل سے بات کرنے کی ضرورت ہے، تو پولیس کو اس سے دوبارہ رابطہ کرنے کا کہیں۔

- **آپ کو پوچھ گچھ کے لئے کب تک حراست میں رکھا جا سکتا ہے؟**

آپ پر کوئی جرم عائد ہوئے بغیر پولیس آپ کو پوچھ گچھ کے لئے 48 گھنٹوں تک حراست میں رکھ سکتی ہے۔ متعدد بار ایک سینئر پولیس افسر کو آپ کے مقدمہ پر یہ دیکھنے کے لئے غور وخوض کرنا ہوگا کہ کیا آپ کو ابھی بھی حراست میں رکھا جانا چاہئیے۔ اسے ایک جائزہ کہا جاتا ہے۔ اگر عدالت اجازت دیتی ہے تو آپ کو 48 گھنٹوں سے زائد وقت تک حراست میں رکھا جا سکتا ہے۔ عدالت حراست کی مدت میں کوئی جرم عائد کئے بغیر آپ کی گرفتاری کی مدت میں زیادہ سے زیادہ 14 دن تک توسیع کر سکتی ہے۔ ان حالات میں آپ کو مندرجہ ذیل دیئے جائیں گے:

- ایک تحریری دستاویز کہ آپ کی حراست میں توسیع کی درخواست کر دی گئی ہے؛
- وقت جب درخواست کی گئی۔
- وقت جب عدالت میں درخواست کی سماعت کی جائے گی اور
- مزید حراست طلب کرنے کی وجہ (وجوہات)۔

آپ کی حراست میں توسیع اور مزید توسیع کی ہر بار درخواست کرنے پر آپ کو (اور آپ کے قانونی نمائندے) کو ایک نوٹس لازمی فراہم کیا جانا چاہئیے۔

جب تک کہ آپ ٹھیک حالت میں نہ ہوں، آپ اور آپ کا وکیل اس فیصلے کے بارے میں آپ کی طرف سے کچھ کہنے کا حق رکھتا ہے۔ ایک وکیل آپ کو اس بارے میں مشورہ دے سکتا ہے۔

## آزادانہ تحویل ملاقاتی

کمیونٹی کے ارکان ہیں جنہیں پولیس اسٹیشنوں تک رسائی کی اجازت ہے۔ انہیں آزادانہ تحویل ملاقاتیوں کے طور پر جانا جاتا ہے اور یہ یقینی بنانے کے لئے رضا کارانہ بنیاد پر کام کرتے ہیں کہ زیر حراست افراد کو مناسب طریقے سے برتاؤ کیا جا رہا ہے اور انہیں ان کے حقوق تک رسائی حاصل ہے۔

آپ ایک آزاد تحویل ملاقاتی سے ملنے کا یا انہیں ان سے ملنے کا کہنے کا حق نہیں رکھتے ہیں، لیکن ایک ملاقاتی آپ سے ملنے کا کہہ سکتا ہے۔ اگر آپ کے حراست کے میں ہونے کے دوران ایک آزاد تحویل ملاقاتی آپ سے ملاقات کرتا ہے تو وہ آزادانہ طور پر پولیس سے یہ پڑتال کرنے کے لئے کام کرے گا کہ آپ کی خیروعافیت اور حقوق کو محفوظ کیا گیا ہے۔ یہ آپ کا انتخاب ہے کہ کیا آپ ان سے بات کرنا چاہتے ہیں۔